© rasailojaraid.com



# زباں میری ہے بات ان کی

★ مجھے پاکستان چھوڑنے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ (غنویٰ بھٹو)

چھوڑ ہی دیں تو بہتر ہے۔

★ عمران خان کی بہت سی عادات "دختر مشرق" سے ملتی ہیں۔ (جرمن اخبار)

مثلاً خالی خولی باتوں کا خول!

★ میری طاقت کا سرچشمہ عوام ہیں۔ (بے نظیر)

"وہی عوام! جو آپ کے ہاتھوں پٹ رہے ہیں"

★ مغلیہ دور میں بادشاہ مولوی سے اپنی مرضی کے فتوے لے لیتے تھے۔ (عاصمہ جہانگیر)

عاصمہ جہانگیر ڈالر کے لیے کام کرتی ہے۔ (بشپ)

★ اپوزیشن نے چٹھہ کو وزیر اعظم قبول نہیں کیا۔ (اجمل خٹک)

ایسے لوگوں کو تو قبر بھی قبول نہیں کرتی۔

★ قاضی اور نواز شریف سے اتحاد نہیں ہو گا۔ (عمران خان)

نیویارک سے واپسی پر جیوش کانفرنس کا آموختہ!

★ ۸۰٪ افسروں کے بچے بیرون ملک تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ ۴۰٪ نے بیرون ملک سرمایہ بھی محفوظ کر رکھا ہے (ایک خبر)

پاکستان میں افسر جنگلی چوہوں کی طرح پل رہے ہیں۔

★ وڈیروں کی نجی جیلوں میں ۱۰ لاکھ ہاری قید ہیں۔ عورتوں پر جنسی تشدد کیا جاتا ہے۔ (ایک خبر)

اسی ظلم و تشدد کے دور کو لوگ مہذب دور کہتے ہیں۔

★ وزیر خارجہ آصف احمد علی نیویارک کے ہسپتال میں داخل ہو گئے (ایک خبر)

اللہ کرے! داخل ہی رہیں۔ بہت سہولتیں ہیں۔

★ طالبان طالبات تک پہنچ گئے ہیں۔ (نورانی)

طنز کو بھی ایک سلیقہ چاہیے!

★ مرزا مسلم بیگ چنیوٹ آئیں گے (ایک خبر)

لال بستی کب آئیں گے؟

★ سعودی عرب میں امام مہدی کا ظہور ہونے والا ہے۔ (ڈاکٹر اسرار احمد)

سعودی حکومت اپنے ملک میں ڈاکٹر صاحب کے داخلے پر پابندی لگا دے

★ چٹھہ کے آنے سے صرف سرخی پاؤڈر کی تبدیلی آئے گی (قاضی حسین احمد)

رنگ رلیوں میں تو کوئی فرق نہیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

★ مرتضیٰ بھن کی حکومت میں قتل ہوا اور بے نظیر قاتلوں کا پتہ عوام سے پوچھتی ہیں۔ (راؤ رشید)

اس سادگی پہ کون نہ مر جائے اے خدا!

★ سنا ہے تم بھی "اِن ہاؤس" تبدیلی کے چکروں میں ہو (ایک افسر سے بیوی کا گلہ)

"حالانکہ میں تمہیں لاکھ روپیہ ماہانہ کما کر دیتی ہوں"

★ شریعت کے نفاذ سے ہمیں کوئی نقصان نہ ہو گا۔ (چیف بشپ چرچز پاکستان)

پاسباں مل گئے کعبے کو صنم خانے سے

★ اساتذہ کو تقرری تبادلہ کے لئے رشوت دینا پڑتی ہے۔ (صدر لغاری)

ملک کی تباہی، صدر کی گواہی!

★ آصف زرداری نری بیماری ہے (عمران خان)

انجام اس کا ذلت و خواری ہے۔

★ اقتدار میں آکر اسلامی نظام نافذ کریں گے (چودھری شجاعت)

سود پر پابندی کے خلاف اپیل تو اب تک واپس نہیں لی۔

★ مونچھیں صاف کروانے کے بعد ایک نیا زرداری سامنے آیا ہے (زرداری)

ملک توڑنے کے بعد ذوالفقار علی بھٹو نے بھی کہا تھا۔ "ایک نیا پاکستان سامنے آیا ہے"

★ اعلیٰ پولیس افسر جرائم پیشہ افراد کی پشت پناہی کرتے ہیں۔ (خفیہ اداروں کی رپورٹ)

محکمہ پولیس ختم کر دیا جائے۔ آدھے جرائم ختم ہو جائیں گے۔

★ پیپلز پارٹی میں کارکن کی کوئی شنوائی نہیں۔ (فخر زمان)

"زمانے" کے گدھو! تمہاری مساوات کہاں گئی؟

★ مرتضیٰ میرا محافظ تھا۔ (بے نظیر) ★ عقل عیار ہے سو بھیس بنا لیتی ہے۔

★ جس ملک کی وزیر اعظم کا شوہر (مسٹر ۳۰ پرسنٹ) ہو وہ خاک ترقی کرے گا (قاضی حسین احمد)

اور وزیر اعظم پروں پر پانی نہیں پڑنے دیتیں!

★ حکمرانوں نے کرپشن کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ (مولانا فضل الرحمن، نوائے وقت: ۴ نومبر ۱۹۹۶)

خوچہ تم اسی لئے حکمرانوں کے ساتھ ہو۔

★ صدر فاروق احمد لغاری نے قومی اسمبلی توڑ دی، بے نظیر حکومت ختم۔ (نوائے وقت ۵ نومبر ۱۹۹۶)

فضل الرحمن اور نصر اللہ۔۔۔۔۔ کیہڑے پاسے جاون، تے منجی کتھے ڈاون

★ بے نظیر نے جمعیت علماء اسلام کے جنرل سیکرٹری مولانا عبدالغفور حیدری کو مسجد فنڈ میں ۲۴ لاکھ روپے کا چیک پیش کیا۔ (جنگ ۲۸ اکتوبر)

ڈیزل فنڈ کا جو لوگوں کو پتہ چل گیا تھا، اب مسجد فنڈ ہی چلے گا



© rasailojaraid.com